यहाँ से काटिए

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear Here

**Sl.No.:**

नामांक **Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 22

No. of Printed Pages - 7

**SS-22-Urdu Sah.(Supp.)**

**SENIOR SECONDARY SUPPLEMENTARY EXAMINATION - 2024**

# URDU SAHITYA

Time : 3 : 15 Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لیے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

(vii) جن سوالات کے ایک سے زائد حصّے ہیں ، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

## حصّہ (الف) (SECTION-A)

**1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کو اپنی کاپی میں لکھیے :

(i) غالبؔ نے نثر نگاری کا آغاز کس زبان سے کیا؟ **[1]**

(A) فارسی (B) اُردو

(C) عربی (D) افغانی

(ii) گم نام پہاڑی کے گیسٹ ہاؤس میں آنے والا نوجوان کون تھا؟ **[1]**

(A) اداکار (B) موسیقار

(C) گیت کار (D) شاعر

(iii) سبق ''روشنائی'' کے مطابق ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس کے مہتمم کون تھے؟ **[1]**

(A) جذبیؔ (B) اخترؔ

(C) فیضؔ (D) راشدؔ

(iv) اخترالایمان کی آپ بیتی کا نام ہے: **[1]**

(A) پودے (B) زرد پتّوں کی بہار

(C) روشنائی (D) اس آباد خرابے میں

(v) ''سوویت لینڈ نہرو ایوارڈ'' کس صنف کو دیا گیا؟ **[1]**

(A) بلونت سنگھ (B) کرشن چندر

(C) احتشام حسین (D) احمد جمال پاشا

(vi) خواجہ حسن نظامی کے سبق کے مطابق نمرود کا غرور کس نے توڑا تھا؟ **[1]**

(A) چڑیا (B) کبوتر

(C) مچھر (D) مکڑی

(vii) حالؔی نے اپنی غزل میں جادو بیاں کسے کہا ہے؟ **[1]**

(A) خود کو (B) غالبؔ کو

(C) سرسید کو (D) آزادؔ کو

(viii) '' آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے'' میں 'صدا' کے معنی ہیں: **[1]**

(A) ہمیشہ (B) آواز

(C) سادہ (D) تحفہ

(ix) ''سخنِ مختصر'' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟ **[1]**

(A) معین احسن جذبؔی (B) آرزؔو لکھنوی

(C) جاں نثار اخترؔ (D) ناصرؔ کاظمی

(x) ''یہ ویرانہ ہے، میں ہوں، اور طائر آشیانوں کے'' میں طائر کے معنی ہیں: **[1]**

(A) شہری (B) دیہاتی

(C) چرندہ (D) پرندہ

(xi) کس شاعر نے اقبالؔ کے زیرِ اثر اپنی شاعری شروع کی؟ **[1]**

(A) جمیلؔ مظہری (B) ن ۔ م ۔ راشد

(C) جاں نثار اخترؔ (D) ناصرؔ کاظمی

(xii) ن ۔ م ۔ راشد کا پورا نام کیا تھا؟ **[1]**

(A) نور محمد (B) نذر محمد

(C) نظیر محمد (D) ناصر محمد

(xiii) چےخف کون سے ملک میں پیدا ہوئے؟ [1]

(A) امریکہ (B) جاپان

(C) چین (D) روس

(xiv) سبق ''جنم دن'' کے مصنف کو دو پہر کی دعوت کس نے دی تھی؟ [1]

(A) شاکر (B) ذاکر

(C) حامد (D) ماجد

(xv) سبق ''جلتی جھاڑی '' کس زبان کی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے؟ [1]

(A) ملیالم (B) ہندی

(C) روسی (D) انگریزی

2. مندرجہ ذیل خالی جگہوں میں صحیح جواب بھر کر جملہ پورا کیجیے:

(i) فوٹو گرافر بڑی امید اور صبر کے ساتھ اپنا ________ سنبھالے باغ کی سڑک پر ٹہلنے لگتا ہے۔ [1]

(ii) ملیریا پھیلا تو اس کا الزام بھی________ پر عائد ہوا۔ [1]

(iii) ڈاک خانہ میں ابھی آیا تھا وہ________ ڈالنے [1]

(iv) اول شب وہ بزم کی رونق، شمع بھی تھی ______ بھی [1]

(v) جب لگیں زخم تو ______ کو دعا دی جائے [1]

(vi) زندگی تو تم بھی ہو ______ تو ہم بھی ہیں! [1]

(vii) ہاتھ میں ______ پکڑنے کا کانٹا تھا۔ [1]

3. مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:

(i) سبق ''خوجی۔ایک مطالعہ'' کے مطابق خوجی سے ہماری پہلی ملاقات کب ہوتی ہے؟ [1]

(ii) ''ستاروں کے آگے'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟ [1]

(iii) خواجہ حسن نظامی کب پیدا ہوئے؟ [1]

(iv) ''مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر ہوگی''میں 'گردِ سفر، کے کیا معنی ہیں؟ [1]

(v) حالؔی نے اپنا دیوان کب مرتب کیا؟ [1]

(vi) نظم طباطبائی کہاں پیدا ہوئے؟ [1]

(vii) سبق ''کلرک کی موت'' میں بریلی ژالوف کون ہے؟ [1]

(viii) نرمل ورما کو حکومتِ ہند نے کس اعزاز سے نوازا؟ [1]

(ix) کون سی صنف شخصی اظہار کی ایک شکل بتائی گئی ہے؟ [1]

(x) نظم کس زبان کا لفظ ہے؟ [1]

## حصہ (ب) (SECTION-B)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 50 الفاظ میں لکھیے:

4. ''مفصّل حال لکھتے ہوئے ڈرتا ہوں'' غالبؔ نے اپنے خط میں یہ بات کیوں لکھی؟ [2]

5. سبق ''روشنائی'' کے مطابق علامہ اقبالؔ نے سجاد ظہیر کی باتوں کا کیا جواب دیا؟ [2]

6. سگھ مدرسے میں رہنے والی بچی لالی کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟ [2]

7. م ۔ ن ۔ راشد کی نظم پر میرا جی نے کیا تبصرہ کیا؟ [2]

8. افسردہ ستاروں میں نالۂ صبح کے ہونے کا مطلب کیا ہے؟ [2]

9. جاں نثار اخترؔ نے اپنی غزل کے آخری شعر میں غزل کی کیا تعریف بیان کی ہے؟ [2]

10. یادوں کے بجھے ہوئے سویروں سے شاعر کی کیا مُراد ہے؟ [2]

11. روحِ ارضی آدم کا استقبال کیوں کرتی ہے؟ [2]

12. کلرک چیرویاکوف کی موت کا سبب کیا ہے؟ [2]

13. افسانہ نگار کے جنم دن کے واقعات میں سے کس واقعے نے آپ کو بے حد متاثر کیا؟ [2]

14. دو مختصر افسانہ نگاروں کے نام لکھیے۔ [2]

15. مطلع کسے کہتے ہیں؟ [2]

حصّہ (ج) (SECTION-C)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تقریباً 120 الفاظ میں لکھیے :

.16 مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے: [3]

مختصر یہ کہ خوجی ہندوستان میں ہو یا روس، ٹرکی اور پولینڈ میں، وہ اپنی خصوصیتیں اپنے ساتھ لیے پھرتا ہے۔ وہ اپنی تہذیب کا علم بردار ہے۔ اس کا لا اُبالی پن اسے بددل ہونے سے اور اس کا یقین اسے شکست کھانے سے بچاتا ہے۔ اسے دیکھ کر ہماری نظر میں زندگی کے بڑے بڑے سوال بے معنی نظر آنے لگتے ہیں اور اس کی بے اصولی ماحول پر قبضہ جمالیتی ہے۔ اس کی بنائی ہوئی دنیا میں ہم مزے لے لے کے سیر کر سکتے ہیں اور ہمیں احساس بھی نہ ہوگا کہ ہم کس قدر غیر سنجیدہ ہو گئے ہیں۔

یا

دو پہر کو پریم چند سوسائٹی کا افتتاح تھا۔ حسین ساگر میں جو کلب ہے وہاں دعوت بھی تھی۔ ادیبوں کو کشتیوں میں سوار کر کے کلب میں پہنچایا گیا۔ درحالیکہ ایک راستہ خشکی سے بھی جاتا تھا۔ غالباً موٹر بوٹ کی نمائش مقصود تھی۔ کلب کی عمارت جھیل میں تعمیر کی گئی ہے۔ کوئی پچاس کے قریب ملازم ہوں گے۔ آٹھ کورس کا کھانا۔ اس دعوت پر اتنا صرف کیا گیا تھا کہ غالباً پریم چند کو اپنی زندگی میں اتنی رائلٹی نہ ملی ہوگی۔ یورپ میں جب ادیب زندہ ہوتا ہے تو اس کی قدر ہوتی ہے۔ ہندوستان میں مرنے کے بعد اسے پوچھا جاتا ہے۔

.17 سبق ''سکون کی نیند'' کا خلاصہ لکھیے۔ [3]

یا

سبق ''زرد پتّوں کی بہار'' کا خلاصہ لکھیے۔

.18 مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے: [3]

حقیقت غور سے دیکھی جوان سب مرنے والوں کی
تو ایسا ہی نظر آنے لگا انجام کار اپنا
انھی کی طرح جیسے مل گئے ہیں خاک میں ہم بھی
یونہی پرسانِ حال آنکلا ہے اک دوستدار اپنا

یا

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:

(i) اب بھاگتے ہیں سایۂ عشقِ بتاں سے ہم — کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

(ii) دیتے ہیں سراغ فصلِ گُل کا — شاخوں پہ جلے ہوئے بسیرے

19. نظم ''ارتقا'' کا خلاصہ لکھیے۔ [3]

یا

نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کا خلاصہ لکھیے۔

## حصہ (د) (SECTION-D)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل تفصیلی سوالات کے جوابات تقریباً 250 الفاظ میں لکھیے:

20. بلونت سنگھ کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔ [4]

یا

احمد جمال پاشا کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔

21. آرزو لکھنوی کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔ [4]

یا

اقبالؔ کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔

22. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ [4]

(i) بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ

(ii) میری پسندیدہ ادبی شخصیت

(iii) میرے اسکول کا سالانہ جلسہ

✔ ✔ ✔ ✔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE